روحِ اخبار

— حکومت پنجاب نے احکام جاری کردیے ہیں کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی اجازت کے بغیر کوئی شخص گیہوں، گیہوں کا آٹا، میدہ اور سوجی صوبہ سے باہر نہیں بھیج سکتا۔ (انقلاب ۳ ۱/۴۲ء)

— حکومت افغانستان نے ایسی مشینیں منگائی ہیں جو کوئلہ کے سفوف سے اینٹیں تیار کرتی ہیں۔ کوئلے کے پاؤڈر سے اینٹیں بنانے کے جن اجزا کی ضرورت ہے وہ افغانستان میں بمقدار وافر موجود ہیں۔ (انقلاب)

— سول آبادی کیلئے پٹرول کا جو راشن اگست میں مقرر کیا گیا تھا وہ یکم جنوری ۱۹۴۲ء سے نصف کر دیا گیا ہے یعنی جس موٹر کو آٹھ گیلن پٹرول ماہانہ ملا کرتا تھا اس کو اب چار گیلن ملیگا (انقلاب ۶ ۱/۴۲ء)

— اس سال حج کیلئے سوڈان اور مغربی افریقہ سے ساڑھے آٹھ ہزار زائرین پہنچے اور مصر سے پانچ ہزار اور ہندوستان سے گیارہ ہزار۔ (زمزم)

— حکومتِ ہند نے دو آرڈیننس بنائے ہیں جن کی رو سے صوبوں کی حکومتوں کو بہت وسیع اختیار دیے گئے ہیں ایک آرڈیننس تو وہ ہے جس کی رو سے لوٹ مار، آگ لگانے، خطرناک ہتھیاروں سے ضرب شدید پہنچانے، ریل کی پٹری وغیرہ اکھاڑنے یا کارخانوں کی مشین خراب کرنے، اور زنا بالجبر کرنے کی سزا موت رکھی گئی ہے اور بلوہ کرنے اور پبلک ملازم کی مزاحمت کرنے کی سزا ابد لگا نار کھا گیا ہے۔ دوسرے آرڈیننس کی رو سے صوبوں کی حکومتوں کو اسپیشل عدالتیں قائم کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔ اسپیشل ججوں کو بصورت خاص سرسری سماعت کے بعد پھانسی تک کا حکم دینے کے اختیارات ہونگے اور اسپیشل مجسٹریٹوں کو سات سال تک کی سزا کے اختیارات ہونگے (تیج ۵ ۱/۴۲ء)

— ۳۰ جون ۱۹۳۹ء میں جزیرہ سنگاپور میں ۷ لاکھ ۲۷ ہزار ۵ سو ۴۶ آدمی بستے تھے۔ ایک اندازہ کے بموجب ان میں ۷ ہزار جاپانی تھے۔ جنگ شروع ہونے سے پہلے جاپانی جاسوس کئی بار یہاں فوج اتارنے کے ٹھکانے تلاش کرتے دیکھے گئے۔ جاپانیوں کو ملایا میں جو کامیابی ہوئی ہے وہ زیادہ تر ان کی جاسوسی کا نتیجہ ہے (〃)

— ۶ جنوری، حکومت نے اب بمبئی میں مکمل بلیک آوٹ کا فیصلہ کیا ہے اور اس فیصلہ پر سختی کے ساتھ عمل کیا جائیگا یعنی منتخب علاقوں میں آدھی رات سے صبح ۶ بجے تک مکمل اندھیرا رکھا جائیگا (انجام ۹ ۱/۴۲ء)

— دہلی ۷ جنوری، ایک سرکاری اعلان مظہر ہے کہ ڈیفنس آف انڈیا رولز کے ماتحت پرانا قلعہ تماشائیوں کے لئے بند کر دیا گیا ہے۔ مسجد یا مندر میں عبادت کیلئے جانیوالوں کو ایک مخصوص راستہ سے آمد و رفت کی اجازت ہے (تیج)

— محکمہ ڈاک و تار حکومت ہند نے اعلان کیا ہے کہ ہانگ کانگ سے ڈاک کا سلسلہ بند ہو گیا ہے اس لئے ڈاک کا کوئی خط یا منی آرڈر جو ہانگ کانگ کے لئے ہوگا نہیں لیا جائیگا۔ (〃)

جناب شیخ حاجی عبدالوہاب صاحب پرنٹر و پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر رسالہ محدث دار الحدیث رحمانیہ دہلی سے شائع کیا۔